نوٹس ID: **<<Secondary ID>>**

بنام: **<<Full_Name>>**

اگر آپ 1 مارچ 2025 اور 30 اپریل 2026 کے درمیان CDPAP پروگرام میں ذاتی مددگار تھے، تو آپ رقم کے اہل ہو سکتے ہیں۔

ریاست ہائے متحدہ کی ڈسٹرکٹ عدالت نے *Calderon et al v. Public Partnerships LLC*. کے کلاس ایکشن مقدمے میں ابتدائی تصفیے کی منظوری دی ہے۔ یہ ای میل نوٹس وضاحت کرتا ہے کہ تصفیہ کس طریقے سے آپ کے حقوق کو متاثر کر سکتا ہے، اس میں Public Partnerships LLC کے خلاف دعویٰ کرنے کے آپ کے حقوق شامل ہیں جو کہ **فیئر لیبر اسٹینڈرز ایکٹ** (FLSA) **کے تحت کیے جا سکتے ہیں اور جنہیں آپ تصفیاتی کلاس سے علیحدگی اختیار نہ کرنے کی صورت میں ترک کر دیں گے۔** ذیل میں وضاحت ملاحظہ کریں۔

تصفیے اور اپنی آپشنز کے بارے میں مکمل معلومات کے لیے، www.PublicPartnershipsSettlement.com ملاحظہ کریں تاکہ مکمل تصفیہ نوٹس دیکھ سکیں، یا 1-800-314-2601 پر کال کریں۔
www.PublicPartnershipsSettlement.com پر دیگر زبانوں میں نوٹس اور دیگر معلومات دستیاب ہیں۔

آپ کے خلاف کوئی مقدمہ دائر نہیں کیا گیا ہے۔ *یہ کسی وکیل کی جانب سے کوئی عرضی نہیں ہے۔* یہ ای میل نوٹس ریاست ہائے متحدہ کی ڈسٹرکٹ عدالت برائے مشرقی ڈسٹرکٹ نیو یارک کی جانب سے منظور کیا گیا تھا۔

مجھے یہ ای میل نوٹس کیوں موصول ہوا ہے؟

آپ نے یہ ای میل نوٹس اس لیے موصول کیا ہے کیونکہ Public Partnerships LLC نے آپ کو متاثرہ افراد کے گروہ کے ایک رکن کے طور پر شناخت کیا ہے، جو "کلاس" کہلاتا ہے۔

کلاس میں ایسے تمام موجودہ اور سابقہ ذاتی مددگار ہیں جنہوں نے CDPAP کے حصے کے طور پر نیو یارک شہر، نساؤ کاؤنٹی، سافک کاؤنٹی اور/یا ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی (مجموعی طور پر "زیریں ریاست کے ذاتی مددگاران") میں 1 مارچ 2025 سے لے کر 30 اپریل 2026 تک کسی بھی وقت خدمات فراہم کیں جن کے عوض Public Partnerships LLC کی جانب سے بطور ریاست گیر مالیاتی ثالث، انہیں ادائیگی کی گئی تھی۔

آپ کے آخری معلوم سیل فون نمبر پر ایک ٹیکسٹ میسج نوٹس بھی بھیجا گیا تھا۔ یہ ای میل نوٹس آپ کو بتاتا ہے کہ اس مقدمے کے بارے میں مزید معلومات کیسے حاصل کی جائیں۔

کیا مجھے کچھ کرنے کی ضرورت ہے؟

نہیں۔ تصفیہ ابھی تک حتمی طور پر عدالت سے منظور نہیں ہوا ہے۔

اگر یہ منظور ہو جاتا ہے تو آپ خودکار طور پر تصفیے کا حصہ ہوں گے سوائے یہ کہ آپ علیحدگی اختیار کر لیں۔ کلاس کے اراکین کو کم از کم ایک ادائیگی ملے گی۔ اگر آپ کچھ نہیں کرتے تو آپ کو ادائیگیاں Public Partnerships LLC کے پاس دستیاب آپ کے بینک اکاؤنٹ کی تازہ ترین معلومات کی بنیاد پر ڈائریکٹ ڈپازٹ کی شکل میں کی جائیں گی۔ اگر ایسی معلومات دستیاب نہ ہوں، تو ادائیگی Public Partnerships LLC کے ریکارڈ میں موجود آپ کے آخری معلوم پتے پر بھیج دی جائے گی۔

اگر آپ اپنے پتے یا ادائیگی سے متعلق معلومات کی تصدیق کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم 1-800-314-2601 پر تصفیہ ایڈمنسٹریٹر، اَٹیکس ایڈمنسٹریشن، سے رابطہ کریں۔

یہ مقدمہ کس بارے میں ہے؟

چار انفرادی مدعیان فلپس کالڈیرون، ایلیسن فیلڈز، فرشاد پنچاسی اور ڈینا فولگر (جنہیں اجتماعی طور پر "نامزد مدعیان" کہا جاتا ہے)، کا الزام ہے کہ Public Partnerships LLC کارکنوں کو قانون کے مطابق واجب الادا اجرت بروقت اور درست شرح کے مطابق ادا کرنے میں ناکام رہی ہے، جو فیئر لیبر اسٹینڈرز ایکٹ (FLSA) اور نیو یارک لیبر لاء کی خلاف ورزی ہے۔ مدعیان نے

یہ بھی دعویٰ کیا کہ Public Partnerships کی جانب سے پیش کردہ فوائد نیو یارک کے ہوم کیئر ورکر ویج پیریٹی ایکٹ کے تقاضوں کے مطابق نہیں ہیں۔ مدعیان نے یہ مقدمہ کلاس کی نمائندگی کرتے ہوئے نیز اپنی جانب سے پیش کیا ہے۔

Public Partnerships LLC کا موقف کیا ہے؟

Public Partnerships LLC مقدمے میں عائد کیے گئے الزامات سے اختلاف کرتی ہے، کسی بھی خلاف ضابطہ عمل کی تردید کرتی ہے، اور پُرزور مؤقف اختیار کرتی ہے کہ اس نے تمام وقت کے دوران، مسلسل نافذالعمل قوانین کے مطابق کام کیا ہے۔ Public Partnerships LLC نے مقدمہ جاری رہنے سے ہونے والے وقت کے ضیاع اور اخراجات سے بچنے کے لیے، نیز اس لیے تصفیہ کیا ہے کہ وہ صارفین اور ان نگہداشت فراہم کنندگان پر پوری طرح توجہ مرکوز رکھ سکے جن کی وہ ملک بھر میں معاونت کرتی ہے۔

اس مقدمے میں تصفیہ کیوں کیا گیا ہے؟

1 مئی 2026 کو، نامزد مدعیان اور Public Partnerships LLC نے تصفیے پر اتفاق کیا، جس کا مطلب ہے کہ انہوں نے اس مقدمے کو حل کرنے کے لیے باہمی معاہدہ کر لیا ہے۔ دونوں فریقین مزید قانونی کارروائی کے خطرات اور اخراجات سے بچنا چاہتے ہیں۔

یہ تصفیہ ان کارکنوں کی جانب سے ہے جنہوں نے یہ مقدمہ دائر کیا تھا، نیز تصفیہ کلاس کے تمام اراکین کی جانب سے بھی ہے۔ عدالت نے اس مقدمے کا فیصلہ کسی بھی فریق کے حق میں نہیں دیا ہے۔ ابھی تک یہ طے نہیں کیا گیا ہے کہ آیا اس قانونی کارروائی میں کوئی فرد کسی مخصوص رقم کی وصولی کا حق رکھتا ہے۔

کیا عدالت نے یہ طے کیا کہ نامزد مدعیان یا Public Partnerships LLC نے مقدمہ جیت لیا ہے؟

نہیں۔ یہ ایک تصفیہ ہے۔ اس سے مراد ہے کہ قبل اس کے کہ عدالت کوئی فیصلہ دیتی جس سے کوئی ایک فریق "فاتح" دکھائی دیتا، یہ معاملہ طے کر لیا گیا تھا۔

تصفیہ کیا فراہم کرتا ہے؟

تصفیے کے تحت درج ذیل مہیا کیا جائے گا، جو کہ زیریں ریاست کے تقریباً 200,000 ذاتی مددگاروں میں تقسیم کیے جائیں گے:

- عام ہرجانے کی مد میں $40.5 ملین؛
- ویج پیریٹی معاوضے کی مد میں $25 ملین جو قبل ازیں کم از کم بنیادی کوریج (MEC) منصوبے کے لیے مختص تھے؛
- جمع شدہ بامعاوضہ رخصت کے لیے $92 ملین (کلاس اراکین کے PTO بیلنس کو اس تقسیم کے حساب سے مطابقت دی جائے گی)؛
- $4.5 ملین کا ریزرو فنڈ؛ اور
- 30 اپریل 2027 کے بعد MEC منصوبے کے لیے مختص کوئی بھی رقوم جو خرچ نہ ہوئی ہوں۔

کلاس کے اراکین کو ادائیگیاں عدالت سے منظور شدہ قانونی کارروائی کے اخراجات، کلاس کونسلز کی فیس، تصفیے کے انتظامی اخراجات، اور یہ مقدمہ دائر کرنے والے ہر مدعی کو دیے جانے والے سروس ایوارڈز کی ادائیگی کے بعد کی جائیں گی۔

ان تمام ادائیگیوں کا خاکہ جو Public Partnerships LLC نے دینے پر اتفاق کیا ہے یہاں [add link] کلک کرنے پر دستیاب ہے۔

اس کے علاوہ، تصفیے کے حصے کے طور پر، Public Partnerships LLC نے 30 اپریل 2026 سے لازمی MEC منصوبہ ختم کر دیا ہے، اور وہ مدعیان کو MEC پلان اور PTO پروگرام کی فرانزک ماہر کے ذریعے اکاؤنٹنگ کروانے کی اجازت دے گی تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ تمام دستیاب ازالے کلاس کو فراہم کیے جا چکے ہیں۔

یہ صرف ان فوائد کا خلاصہ ہے جو تصفیے کے ذریعے دستیاب ہیں۔ براہ کرم تمام تفصیلات کے لیے منسلکہ مکمل نوٹس here اور منسلکہ تصفیاتی معاہدہ here ملاحظہ کریں۔

آپ کی ادائیگی کا تعین کس طرح ہو گا؟

بطور کلاس کے رکن جو رقم آپ موصول کریں گے، وہ متعدد عوامل پر منحصر ہو گی: (1) جب آپ 1 مارچ 2025 اور 30 اپریل 2026 کے درمیان مالیاتی ثالث Public Partnerships LLC کے ذریعے رجسٹرڈ اور ادائیگی موصول کر رہے تھے، تب آپ نے CDPAP کے تحت کتنے گھنٹے کام کیا؛ (2) کیا آپ کو سائن ان بونس، جس کے لیے آپ اہل تھے، موصول نہیں ہوا؛ (3) MEC فوائد کے ضمن میں تفویض شدہ آپ کا معاوضہ؛ اور (4) PTO کے ضمن میں تفویض شدہ آپ کا معاوضہ اور آپ کے PTO بیلنس میں کتنی رقم باقی ہے۔

کیا کوئی ٹیکسز ہیں اور انہیں کون ادا کرے گا؟

جی ہاں، تصفیاتی فنڈز قابل ٹیکس آمدنی ہو گی۔ ٹیکس کے بارے میں مزید معلومات مکمل نوٹس میں ہیں، جو here دستیاب ہے۔

میں تصفیے کے تحت کن دعووں سے دستبردار ہوں گا؟

تصفیے کے تحت فراہم کیے جانے والے فوائد کے عوض، کلاس اراکین اس مقدمے میں کیے گئے تمام دعووں سے دستبردار ہو جائیں گے، اور 1 مارچ 2025 سے 23 جون 2026 کے درمیان کے انہی دعووں اور اجرت و اوقاتِ کار سے متعلق تمام دعووں کے حوالے سے مستقبل میں Public Partnerships LLC اور اس سے متعلقہ اداروں یا افراد کے خلاف مقدمہ دائر کرنے کا اپنا حق بھی ترک کر دیں گے۔ **اس میں فیئر لیبر اسٹینڈرڈز ایکٹ (FLSA)، نیو یارک لیبر لاء (NYLL) اور بوم کیئر ورکر ویج پیرٹی ایکٹ کے تحت تمام دعوے شامل ہیں۔**

اہم بات یہ ہے کہ اوپر مذکورہ دستبرداری میں FLSA کے تحت دعویٰ بھی شامل ہے، جو کہ کم سے کم اجرت اور اوورٹائم کا وفاقی قانون ہے۔

لہٰذا، اگر آپ اس تصفیے سے علیحدہ نہیں ہوتے اور عدالت تصفیہ منظور کر لیتی ہے، تو ایسے میں آپ FLSA کے تحت Public Partnerships LLC کے خلاف تمام دعووں سے محروم ہو جائیں گے، اس میں FLSA کے تحت 23 جون 2026 تک واجب الادا کوئی بھی مبینہ دعوی کردہ غیر اداشدہ اجرتیں اور کوئی بھی دستیاب جرمانے شامل ہیں۔

دستبرداری کا مکمل دائرہ کار پڑھنے کے لیے، براہ کرم مکمل نوٹس پڑھیں [add link] یا معاہدے کا حصہ VI پڑھیں [add link]۔

اگر آپ کے اس دستبرداری کے دائرہ کار کے بارے میں کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم ایڈمنسٹریٹر کو کال کریں یا ذیل میں موجود رابطے کی معلومات کو بروئے کار لاتے ہوئے کلاس کونسل سے رابطہ کریں۔

کیا میں تصفیے سے علیحدہ ہو سکتا ہوں؟

جی ہاں، آپ علیحدہ ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ علیحدہ ہو جاتے ہیں تو آپ کو ادائیگی موصول **نہیں ہو گی** اور نہ ہی آپ تصفیے پر اعتراض کر سکیں گے۔ تاہم، پھر آپ اس قانونی چارہ جوئی کے پابند نہیں ہوں گے یا اس میں ہونے والے فیصلوں سے متاثر نہیں ہوں گے اور ہو سکتا ہے کہ اپنا ذاتی مقدمہ دائر کر سکیں۔ تصفیے سے علیحدہ ہونے کے لیے، آپ کو here موجود علیحدگی کا فارم مکمل کرنا ہو گا اور اسے درج ذیل پتے پر بذریعہ ڈاک تصفیے کے ایڈمنسٹریٹر کو اس طرح بھیجنا ہو گا کہ اس پر 19 ستمبر 2026 تک کی ڈاک کی مہر لگی ہو:

Public Partnerships Settlement
c/o Atticus Administration
PO Box 64053
St. Paul, MN 55164
1-800-314-2601

اپنا نام، پتہ، ٹیلیفون نمبر درج کرنے اور دستخط کرنے کو یقینی بنائیں۔

اس مقدمے میں بعد میں کیا ہو گا؟

عدالت ایک منصفانہ سماعت کا انعقاد کرے گی تاکہ فیصلہ کرے کہ آیا تصفیے کی حتمی منظوری دی جائے۔ سماعت منعقد ہو گی:

کہاں: U.S. District Court for the Eastern District of New York
Courtroom 13B
255 Cadman Plaza East
Brooklyn, NY 11201

کب: صبح 11:00 بجے بتاریخ 10 نومبر 2026۔

عدالت نے فریقین کو ہدایت دی ہے کہ وہ آپ کو مجوزہ تصفیے کے بارے میں یہ نوٹس بھیجیں۔ چونکہ ایک کلاس ایکشن میں ہونے والا تصفیہ مجوزہ کلاس کے تمام اراکین کے حقوق کا فیصلہ کرتا ہے، اس لیے اس کے نافذ ہونے سے قبل عدالت کی جانب سے تصفیے کی حتمی منظوری ضروری ہے۔ ادائیگیاں صرف تب ہی ممکن ہوں گی جب عدالت تصفیے کا حتمی فیصلہ دیتی ہے۔

آپ کے لیے اس میں شرکت ضروری نہیں ہے تاہم آپ اپنے خرچ پر شرکت کر سکتے ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو اپنے خرچ پر کسی وکیل کے ذریعے اس مقدمے میں باضابطہ طور پر پیش ہونے کا حق رکھتے ہیں۔ آپ تصفیے کے بارے میں گفتگو کرنے اور اپنی رائے کا اظہار کرنے کے لیے عدالت سے اجازت بھی لے سکتے ہیں۔ اگر عدالت تصفیے کی منظوری نہیں دیتی یا فریقین اس کو ختم کرنے پر متفق ہوں، تو یہ کالعدم ہو جائے گا اور قانونی چارہ جوئی جاری رہے گی۔ سماعت کی تاریخ کلاس کے اراکین کو مزید نوٹس فراہم کیے بغیر تبدیل ہو سکتی ہے۔ مزید جاننے اور سماعت کی تاریخ کی تصدیق کی خاطر، www.PublicPartnershipsSettlement.com پر جائیں۔

میں مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

یہ نوٹس مجوزہ تصفیے کا ایک خلاصہ ہے۔ اپنی تمام شرائط کے ساتھ ایک مکمل تصفیہ here دیکھا جا سکتا ہے۔ تصفیے کے معاہدے کی ایک نقل یا اپنے سوالوں کے جواب حاصل کرنے کے لیے:

- www.PublicPartnershipsSettlement.com پر موجود مقدمے کی ویب سائٹ وزٹ کریں
- منتظم کو 1-800-314-2601 پر کال کریں
- عدالت کے الیکٹرانک ریکارڈز (PACER) کے نظام تک آن لائن رسائی حاصل کریں یا عدالت کے کلرک کے دفتر (جس کا پتہ نیچے درج ہے) تشریف لے جائیں۔

ماخذ	رابطے کی معلومات
مقدمے کی ویب سائٹ	www.PublicPartnershipsSettlement.com
تصفیاتی ایڈمنسٹریٹر	Public Partnerships Settlement c/o Atticus Administration PO Box 64053 St. Paul, MN 55164 1-800-314-2601 PublicPartnershipsSettlement@AtticusAdmin.com
آپ کے وکلاء	**KATZ BANKS KUMIN LLP** ہیو بارن ایما والٹرز اوی کیومن 111 Broadway, Suite 1403 New York, NY 10006 646-759-4501 PPLSettlementInquiries@katzbanks.com

	لیگل ایڈ سوسائٹی رچرڈ بلوم ربیکا کک میک مائیکل ڈیلر بی فرانکو اولشینسکی الزبتھ سیلر بیلکیس گارسیا ربیکا انتار 49 Thomas Street, Fifth Floor New York, NY 10013 212-440-4300 civ_hq_employment@legal-aid.org
عدالت (رابطہ نہ کریں)	U.S. District Court for the Eastern District of New York 255 Cadman Plaza East Brooklyn, NY 11201

مزید معلومات کے لیے، www.PublicPartnershipsSettlement.com وزٹ کریں یا 1-800-314-2601 پر کال کریں۔